مطبوعات

تلاشِ حق | تالیف: امام ابوحامد محمد الغزالی: شائع کردہ محکمہ اوقاف پنجاب لاہور قیمت تین روپے۔

یہ کتاب امام غزالیؒ کی المنقذ من الضلال کا اُردو ترجمہ ہے۔ اس کے مترجم جناب ڈاکٹر خالد حسن قادری ہیں جو لندن یونیورسٹی میں اُردو کے لیکچرر ہیں۔ اردو ترجمہ کو جستہ جستہ دیکھنے سے اندازہ ہوا ہے کہ ترجمہ شگفتہ اور رواں ہے۔ مترجم نے بعض جگہ دقیق بحثوں کو خوش اسلوبی سے نبھایا ہے۔ کتاب ٹائپ میں چھپی ہے۔ امید ہے اہلِ ذوق اس کی قدردانی کا حق ادا کریں گے۔

الانصاف فی بیان سبب الاختلاف (عربی) | تالیف شاہ ولی اللہ دہلویؒ، شائع کردہ محکمہ اوقاف پنجاب قیمت ۵ روپے

شاہ ولی اللہ دہلوی رحمہ اللہ کا یہ رسالہ ہند و پاک میں خاص شہرت رکھتا ہے "اختلافی مسائل میں اعتدال کی راہ" کے عنوان سے اس کا اردو ترجمہ چھپ چکا ہے۔ اس کا عربی ایڈیشن برسوں سے نایاب تھا محکمہ اوقاف نے اب اسے بڑی محنت اور ذوق و شوق سے چھپایا ہے۔ کاغذ اور طباعت کا معیار عمدہ ہے۔ عربی ٹائپ اور سرورق بھی دیدہ زیب ہے۔ مقدمے میں جناب ڈاکٹر رشید جالندھری صاحب نے یہ خبر بھی سنائی ہے کہ محکمہ اوقاف شاہ ولی اللہؒ کی دوسری تصانیف بھی چھاپنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ بےشک محکمہ اوقاف کی یہ خدمت ملتِ اسلامیہ کے حق میں بڑی مفید ہوگی۔

فیصلہ ہفت مسئلہ | تصنیف: حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ، شائع کردہ محکمہ اوقاف پنجاب۔

یہ کتابچہ جو طباعت اور کاغذ کے لحاظ سے نہایت خوبصورت اور دیدہ افروز ہے، اس میں مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے اختصار کے ساتھ سات مسائل کی شرعی نوعیت بیان کی ہے، ایک مولود شریف، دوسرا فاتحہ مروجہ، تیسرا عرس اور سماع، چوتھا غیر اللہ کو پکارنا، پانچواں جماعتِ ثانیہ اور چھٹا اور ساتواں امکان نظیر و امکانِ کذب۔ حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مصلحت اور حکمت کے پہلو کا لحاظ کرتے ہوئے ان مسائل پر اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے۔ ان میں مولود شریف، مروجہ فاتحہ اور عرس و سماع کے مسائل پر حاجی صاحب مرحوم کی تشریحات پڑھنے کے قابل ہیں بلکہ ہم خود محکمہ اوقاف کے ذمہ داروں کو بھی مشورہ دیں گے کہ وہ اپنے شائع کردہ رسالے کو خود بھی پڑھیں اور پھر یہ جائزہ لیں کہ کیا "فیصلہ ہفت مسئلہ" میں جو کچھ بیان کیا گیا ہے، محکمہ اوقاف کا عمل اس کے مطابق ہے یا برعکس۔